Muftstudy.com

CLASS 10TH REVISION & TEST SESSION

NAME:		ROLL NO:		T. Marks	50
SUB:	Urdu	نظم: نمودِ صُبح، نثری سبق: کفّارہ، تفہیم عبارت، گرامر		CLASS:	10th

سوال نمبر1۔درست جواب کا انتخاب کریں۔ 8

نمبر شمار	سوالات	(الف)	(ب)	(ج)	(د)
1	میر انیس نے "فلک" کہ تشبیہ دی ہے:	خوب صورت دلہن سے	بوڑھے بزرگ سے	خیمے سے	گلشن سے
2	"نمودِ صبح" مرثیے کے کس جزیار کن میں شامل ہے:	سراپا	دعا	چہرہ	رزم
3	سبودھ چندر ذہین تھا مگر نہ تھا:	معاملہ فہم	بردبار	مردم شناس	موقع شناس
4	مداری لال کہ ایسا معلوم ہوا کہ کوئی ان کے دل پر چلا رہا ہے:	چاقو	خنجر	چھری	نشتر
5	ان الفاظ میں سے اسم صفت ہے:	لکھنا	اچھا لڑکا	دوست	شام
6	"شاعر مشرق" گرامر کی رو سے ہے؟	اسم عام	اسم علم	اسم مصغر	تخلص
7	حروفِ تشبیہ کا دوسرا نام کیا ہے؟	مشبہ	اداتِ تشبیہ	مشبہ بہ	غرضِ تشبیہ
8	معراج کا درست تلفظ ہے۔	معرِاجْ	مغرِاجْ	معَرَاجَ	مِعْرَاجْ'

سوال نمبر2۔درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کریں اور شاعر کا نام لکھیں۔ 2

آئی بہار میں گلِ مہتاب پر خزاں
مرجھا کے رہ گئے ثمر و شاخِ کہکشاں

سوال نمبر3۔درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کی جیے اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان، مصنف کا نام، اور سیاق وسباق تحریر کریں۔ 10

مداری لال کو سارا مکان تیرتا ہوا معلوم ہوا۔انھوں نے بہت ضبط کیا۔پر جوشِ اشک نہ روک سکے۔
بیوہ نے آنکھیں پونچھ کی پھر کہا: " بابو جی! جو کچھ ہونا تھا وہ تو ہو چکا لیکن آپ اس بدمعاش کا پتا ضرور لگایئے جس نے ہمارا ستیاناس کیا۔دفتر ہی کے کسی آدمی کی حرکت ہے۔وہ بہت سیدھے سادے آدمی تھے۔مجھ سے یہی کہتے رہے کہ میرا کسی پر شبہ نہیں ہے۔آپ سے صرف یہی التجا کرتی ہوں کہ اس بدمعاش کہ بچ کر جانے نہ دیجیے گا۔پولیس والے شاید رشوت لے کر اسے چھوڑ دیں۔آپ کو دیکھ کر ان کا چھصلہ نہ ہو گا۔ اب ہمارے سر پر آپ کے سوا اور کون ہے۔کس سے اپنا دکھ کہیں۔لاش کی بدرگت ہونی ہی لکھی تھی۔"
مداری لال کے سر میں ایسا چکر آیا کہ وہ زمین پر گر پڑے۔

سوال نمبر4۔ مختصر جواب تحریر کریں۔ 6

1۔میر انیس کی وجہ شہرت کس صنف ادب میں ہے؟
2۔سبودھ چندر نے اپنے سٹاف سے کیا کہا؟
3۔بابو مداری لال اور سبودھ چندر کے مابین کیا رشتہ تھا؟

سوال نمبر5۔درج ذیل نثری سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ 4

کفّارہ

سوال نمبر6۔درج ذیل عنوان پر مضمون لکھیں۔ 10

شجر کاری کی اہمیت وافادیت، تجارت، دہشت گردی

سوال نمبر7۔درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیں۔ 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے رواں دواں نظر آتا ہے۔ اس امر کا مشاہدہ کرنا ہو تو اس وقت جب آفتاب کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:
سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟
تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟
صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟
دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟
شاہ خاور سے کیا مراد ہے؟
شاہ خاور کے خیر مقدم سے کیا مراد ہے؟
اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔